بلوچستان کے عوام کا نمائندہ اخبار

Daily IMROZ Quetta A.B.C Certified

روزنامہ امروز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر حکیم اکمل

جلد نمبر 13 | بروز جمعہ 04 فروری 2022 02 رجب 1443ھ | شمارہ 209 | قیمت 10

www.imroz.com.pk

بندوق اور طاقت کے ذریعے نہیں بات چیت کے ذریعے ہی مسائل کا حل ممکن ہے، وزیر بزنجو

2008 کے مقابلے میں اس وقت بلوچستان کے حالات بہت بہتر ہیں کچھ عناصر ملک دشمن قوتوں کی ایماء پر بدامنی پیدا کرنے کیلئے دہشتگردی کی کوشش کرتے ہیں

نام نہاد علیحدگی پسند تحریک جس میں سینکڑوں بیگناہ لوگوں کو مارا گیا جس سے ان کے خلاف عوام میں نفرت پیدا ہوئی اب یہ تحریک دم توڑ رہی ہے، ڈاکٹر کرسچین ٹرنر سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور برطانوی ہائی کمشنر ڈاکٹر کرسچین ٹرنر کے مابین یہاں ہونے والی ملاقات میں بلوچستان کے مختلف شعبوں میں برطانوی تعاون کے فروغ اور سرمایہ کاری میں اضافے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے فیصلہ کیا گیا ہے کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں مہنگائی میں اضافہ اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھ رہا ہے، آئی ایم ایف

حکومت کے کیے گئے حالیہ اقدامات معیشت اور قرضوں کے استحکام کے لیے مناسب ہیں

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ پاکستان میں مہنگائی میں اضافہ ہو رہا ہے اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھ رہا ہے، حکومت کے کیے گئے حالیہ اقدامات معیشت اور قرضوں کے استحکام کے لیے مناسب ہیں، معاشی اصلاحات سے روزگار کے نئے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ریاستی عملداری کو چیلنج کرنیوالے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے' بلاول بھٹو

سکیورٹی فورسز کی قربانیاں ہماری قومی خودمختاری کی حفاظت کے عزم کی دلیل ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پنجگور اور نوشکی میں سکیورٹی فورسز کے کیمپس پر دہشتگردوں کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے دہشتگردوں سے فائرنگ کے تبادلے میں ایک افسر سمیت متعدد سپاہیوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو برطانیہ کے ہائی کمشنر ڈاکٹر کرسچن ٹرنر کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ سے رخصت کر رہے ہیں، صوبائی وزراء بھی موجود ہیں

نوشکی پنجگور میں 13 دہشتگرد ہلاک 7 جوان شہید

پنجگور میں اب تک 4 دہشتگرد مارے جا چکے ہیں اور دہشتگردوں کے خاتمے کیلئے سکیورٹی فورسز کا آپریشن جاری ہے، 4 سے 5 دہشتگردوں کیخلاف گھیرا تنگ کر لیا ہے، آئی ایس پی آر

نوشکی میں مجموعی طور پر 9 دہشتگرد مارے گئے، حملے کو پسپا کرتے ہوئے پاک فوج کے 4 جوانوں نے جام شہادت نوش کیا، دہشتگردوں کا بھارت اور افغانستان میں رابطے میں تھے، ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ نوشکی اور پنجگور میں سکیورٹی فورسز کے آپریشن کے دوران 13 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق گزشتہ رات دہشت گرد حملے پسپا کرنے کے بعد

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی مشیر داخلہ و قبائلی امور میر ضیاء لانگو پریس کانفرنس کر رہے ہیں

شہباز شریف کی بلوچستان میں دہشتگردی واقعہ کی شدید مذمت

دہشتگردی کے خاتمے کے لئے قوم متحد اور یکسو ہے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے بلوچستان میں دہشتگردی واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام ارض وطن کے دفاع، سلامتی اور امن کے لئے جانوں کے نذرانے پیش

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجگور میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر شہریوں کو غیر ضروری طور پر گھروں سے باہر نہ نکلنے کی ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) پنجگور میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر شہریوں کو گھروں میں رہنے اور غیر ضروری طور پر باہر نہ نکلنے کی ہدایت، تفصیلات کے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مادر وطن پر جان قربان کرنیوالوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی صالح بھوتانی

سیکورٹی فورسز کے جوانون نے ہمیشہ ملک وقوم کے دفاع میں اپنا کردار ادا کیا ہے

بروقت کارروائی سے فورسز کے جوانوں نے دشمن کے حملوں کو ہمیشہ کی طرح پسپا کیا، سینئر صوبائی وزیر بلدیات

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار محمد صالح بھوتانی نے نوشکی اور پنجگور میں سیکورٹی فورسز کے کیمپس پر دہشتگردوں کے حملوں کی مذمت اور واقعات میں جانی نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز کے جوانون نے ہمیشہ ملک وقوم کے دفاع میں اپنا کردار ادا کیا ہے بروقت کاروائی سے فورسز کے جوانوں دشمن کے حملوں کو ہمیشہ کی طرح پسپا کیا۔ یہاں جاری کردہ ایک بیان میں سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا کہ دہشت گردی کی نئی لہر کی وجہ سے صوبے کے امن کو کسی صورت سبوتاژ نہیں ہونے

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ریکوڈک پر 50 فیصد سے کم حصے پر کوئی معاہدہ قبول نہیں مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام اور صوبائی حکومت کے درمیان حکومت سازی کے لئے کوئی معاہدہ نہیں ہوا

وزیراعلیٰ نے خیر سگالی کے طور پر اپوزیشن ارکان کے حلقوں میں 90 کروڑ روپے کے ترقیاتی کام کروانے کی پیش کش کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام اور صوبائی حکومت کے درمیان حکومت سازی کے لئے کوئی معاہدہ نہیں ہوا البتہ وزیراعلیٰ نے خیر سگالی کے طور پر اپوزیشن ارکان کے حلقوں میں 90 کروڑ روپے کے ترقیاتی کام کروانے کی پیش کش کی ہے، عمران خان اور راتوں رات بننے والی جماعتوں کی حکومتیں عوام کے حقوق کا دفاع نہیں کر سکتیں، ریکوڈک پر 50 فیصد سے کم حصے پر کوئی معاہدہ قابل قبول نہیں ہے، 5 مارچ کو سراوان ہاؤس کوئٹہ میں نواب اسلم رئیسانی، 6 مارچ

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنر بلوچستان کا نوشکی اور پنجگور میں ایف سی کیمپ پر دہشتگرد حملوں کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان سید ظہور احمد آغا نے نوشکی اور پنجگور میں ایف سی کیمپ پر دہشت

بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پنجگور میں بم ڈسپوزل اسکواڈ نے دو راکٹ گولے برآمد کر کے ناکارہ بنا دیئے

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں بم ڈسپوزل اسکواڈ نے دو راکٹ گولے برآمد کر کے ناکارہ بنا دیئے، پولیس حکام کے مطابق بم ڈسپوزل اسکواڈ نے

بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

نیر حسین بخاری کی نوشکی اور پنجگور میں سیکورٹی فورسز پر حملوں کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے نوشکی اور

بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

فورسز پر حملہ یہ واردات انتہائی حساس نوعیت کی حامل ہے نور محمد دمڑ

ضروری ہے کہ اس کے ماسٹر ماہنڈ کو جلد از جلد گرفتار کر کیگرفت میں لایا جائے، سینئر صوبائی وزیر خزانہ

ہمارے سکیورٹی اداروں نے بڑی محنت اور قربانی سے ملک میں امن بحال کیا ہے اور ہم کسی کو بھی صوبے کا امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائیگی

کوئٹہ (خ ن) سینئر صوبائی وزیر خزانہ حاجی نور محمد دمڑ نے پنجگور، نوشکی میں سکیورٹی فورسز کیمپ میں دہشت گردوں کی گھسنے کی ناکام کوشش کے نتیجے پاک فوج کے جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا ہے وزیر خزانہ نے کہا کہ فوج کے جوانوں نے بروقت کاروائی کر کے دشمن کو ہمیشہ کی طرح پسپا کیا ہے انہوں نے کہا کہ یہ واردات انتہائی حساس نوعیت کی حامل ہے لہذا ضروری ہے کہ اس کے ماسٹر ماہنڈ کو جلد از جلد گرفتار کر کیگرفت میں لایا جائے امن وامان کی یہ بگڑتی ہوئی صورتحال پر قابو پانے کیلئے بلا تاخیر ماضی کی طرح مربوط حکمت عملی

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

رہنماء پیپلز پارٹی نفیسہ شاہ کی دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت

ملک میں ایک بار پھر سکیورٹی فورسز دہشتگردوں کے نشانے پر ہے جو انتہائی تشویشناک بات ہے، نفیسہ شاہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینئر رہنماء نفیسہ شاہ نے دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں ایک

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

فرخ حبیب کی پنجگور اور نوشکی میں فورسز کیمپوں پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات و نشریات فرخ حبیب نے بلوچستان کے علاقوں

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، چھٹی نیشنل روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ کی اختتامی تقریب

میجر جنرل عنایت حسین، جی او سی 44 ایس ایس ڈی تقریب کے مہمان خصوصی تھے

کوئٹہ (پ ر) چھٹی نیشنل روڈ سائیکلنگ چیمپئن شپ گوادر کی اختتامی تقریب۔ چھٹی نیشنل روڈ سائیکلنگ کی اختتامی انعامات کی تقریب پاکستان

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پرتشدد واقدامات سے قومیں بنتی نہیں بلکہ تباہ ہوتی ہیں ثنا بلوچ

بندوق کی نوک پر کوئی اپنا موقف مسلط نہیں کر سکتا، بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماء رکن صوبائی اسمبلی

بندوق کی طاقت سے کوئی بھی اپنا موقف مسلط نہیں کر سکتا ایسا کرنے سے مسائل کم نہیں بلکہ زیادہ بڑھتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے رہنماء، رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے نوشکی اور پنجگور میں سیکورٹی فورسز پر حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پرتشدد اقدامات سے قومیں بنتی نہیں بلکہ تباہ ہوتی ہیں، بندوق کی نوک پر کوئی اپنا موقف مسلط نہیں کر سکتا سیاسی مسائل بات چیت اور گفت و شنید کے ذریعے حل ہونے چاہئیں، سیکورٹی فورسز کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، یہ بات انہوں نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہی، رکن صوبائی اسمبلی ثناء بلوچ نے کہا کہ نوشکی اور پنجگور جیسے واقعات قابل مذمت ہیں، مسائل کو

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت کا پاکستانی زائرین کو ویزے دینے سے انکار

پاکستان نے ہمیشہ بھارت سے آنے والے ہندو اور سکھ یاتریوں کو سہولیات فراہم کی ہے

لاہور (این این آئی) بھارت نے اجمیر شریف میں خواجہ معین الدین چشتی کے 3 سے 14 فروری تک جاری رہنے والے سالانہ عرس میں شرکت کے

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں دہشتگرد حملہ ناکام بنانے پر بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتے ہیں، وزیراعظم

قوم ہماری حفاظت کے لیے بڑی قربانیاں دینے والی سیکورٹی فورسز کے پیچھے متحد کھڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ہم بلوچستان میں دہشتگرد حملہ ناکام بنانے پر اپنی بہادر سیکورٹی فورسز کو سلام پیش کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے اپنے ٹوئٹر بیان میں کہا کہ بہادر جوانوں نے پنجگور اور نوشکی، بلوچستان میں سیکورٹی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

وزارت آئی ٹی نے جاز موبائل کمپنی کے لائسنس کی تجدید کیلئے پالیسی جاری کر دی

لاہور (این این آئی) وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی نے جاز موبائل کمپنی کے لائسنس کی تجدید کیلئے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کی جائیں، گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور (این این آئی) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن لاہور ڈویژن کے عہدیداران نے کہا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں کم کی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

گڈ گورننس کے قیام کیلئے یہ ایک غیر معمولی پیش رفت ثابت ہوگا، بابر بلیدی

بلوچستان میں معلومات تک رسائی کے قانون سے شفافیت اور گڈ گورننس کے قیام میں مدد ملے گی، پارلیمانی سیکرٹری قانونی

پارلیمانی افسیرز کو فعال بنا کر بلوچستان قانون ساز اسمبلی میں پیش ہونے والے مسودہ جات پر قانونی جانچ و کارروائی کا عمل تیز کرنیکی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں معلومات تک رسائی کے قانون سے شفافیت اور گڈ گورننس کے قیام میں مدد ملے گی اور ہر شہری کو مفاد عامہ سے متعلق اقدامات اور سرکاری امور سے واقفیت حاصل ہوگی، خواتین کے حقوق کے تحفظ اور انہیں معاشی و اقتصادی سرگرمیوں میں زیادہ سے زیادہ مواقعوں کی فراہمی کے لئے موثر و جامع قانون سازی کے لیے کوشاں ہیں پارلیمانی افسیرز کو فعال بنا کر بلوچستان قانون ساز اسمبلی میں پیش ہونے والے مسودہ جات پر قانونی جانچ و

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

قومی اسمبلی کے اسپیکر اسد قیصر سے اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر جان جمالی ملاقات کر رہے ہیں اس موقع پر سینیٹر ثناء جمالی بھی موجود ہے

سیکورٹی فورسز کی ملک کے تحفظ کیلئے قربانیاں قوم کیلئے عزت کا فخر ہیں، ظہور بلیدی

دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں نہ پہلے کامیاب ہوئے نہ ہی آئندہ کامیاب ہونگے، سینئر صوبائی وزیر محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات

پاک فوج کی لازوال قربانیوں کی وجہ سے بلوچستان میں امن قائم ہوا ہے سیکورٹی فورسز کی ملک کے تحفظ کے لئے قربانیاں قوم کے لئے باعث فخر ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ پاک فوج کی لازوال قربانیوں کی وجہ سے بلوچستان میں امن قائم ہوا ہے سیکورٹی فورسز کی ملک کے تحفظ کے لئے قربانیاں قوم کے لئے باعث فخر ہیں دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں نہ پہلے کامیاب ہوئے نہ ہی آئندہ کامیاب ہونگے، یہ بات انہوں نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہی انہوں نے کہا پنجگور اور نوشکی میں ایف سی کے کیمپس پر دہشتگردوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہیں یہ حملے ملک وقوم کے محافظوں کے حوصلے پست نہیں کر سکتے دہشتگردی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات محترمہ بشریٰ رند سے ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ اورنگ زیب کاسی ملاقات کر رہے ہیں

آزادی اظہار رائے کے نام پر نفرت انگیز یا اشتعال انگیز تقریر نہیں ہونی چاہئے، چیف جسٹس ہائیکورٹ

انفارمیشن تک جتنی رسائی ہوگی اتنا ہی معاشرہ بھی بہتر ہوگا، چیف جسٹس ہائی کورٹ اطہر من اللہ کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس اسلام آباد

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

چاہتے ہیں الیکشن کا عمل شفاف اور کسی بھی دباؤ سے پاک ہو، چیف جسٹس

الیکشن کمیشن کا کام ربڑ اسٹیمپ کرنا نہیں کہ معاملات سالوں تک زیر التوا رہیں، جسٹس عمر عطاء بندیال

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک دشمن عناصر بلوچستان کے امن کو خراب کرنا چاہتے ہیں پیپلز پارٹی

نواب ثناء اللہ زہری اور حاجی علی مدد جتک کی نوشکی اور پنجگور میں سیکورٹی فورسز کے کیمپس پر حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت

ملک اور بلوچستان دشمن عناصر صوبے کا امن تباہ کرنے کے درپے ہیں اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیابی حاصل نہیں ہوگی، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ زہری، سابق صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے نوشکی اور

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ڈی ورمنگ انی شی ایٹو کی عوامی سطح پر پہلی ڈی ورمنگ مہم کا آغاز

محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے اسکول جانے والی عمر کے بچوں کی ڈی ورمنگ

اوتھل (نمائندہ امروز) بلوچستان ڈی ورمنگ انی شی ایٹو کی عوامی سطح پر پہلی ڈی ورمنگ مہم کا آغاز محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے اسکول جانے والی عمر کے بچوں کی ڈی ورمنگ۔ تفصیلات کے مطابق 3 فروری ڈپٹی کمشنر لسبیلہ افتخار احمد بلگٹی نے سرکٹ

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

04 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) پولیس نے کارروائی کرتے

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق فوری حل ہونا چاہیے، فرخ حبیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت اطلاعات

بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک کے تحفظ کیلئے فورسز کی قربانیاں فخر کا باعث ہیں، اللہ داد رند

سیکورٹی فورسز کو جرات کیساتھ دہشتگردوں کے حملے ناکام بنانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

سبی (نامہ نگار) پاکستان پیٹریاٹک یوتھ ضلع سبی کے جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند کا نوشکی اور پنجگور میں ایف سی کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کی

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے ڈپٹی سیکرٹری قانون شجاع حسین کھوسہ ڈبلیو ایچ او کے نمائندے ڈاکٹر اسفندیار شیرانی ملاقات کر رہے ہیں

شیخ رشید کی پنجگور اور نوشکی میں سکیورٹی فورسز کے کیمپوں پر دہشتگرد حملوں کی مذمت

ہماری سکیورٹی فورسز دہشتگردوں کو کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہونے دے سکتی، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے پنجگور اور نوشکی میں سکیورٹی فورسز کے کیمپوں پر دہشت گرد حملوں کی مذمت کرتے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

ایک ارب ڈالر قرضہ ملنے پر جشن نہیں افسوس کرنے کی ضرورت ہے، شیری رحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ ایک ارب ڈالر قرضہ

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

بجلی ورکرز کی بھرتی پر پانچ سال سے لگائی گئی پابندی فوری اٹھائی جائے، رضا ربانی

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ حکومت فوری طور پر

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد میں زمین کے تنازعے پر دو مختلف واقعات میں پانچ افراد قتل، سات زخمی

آئی جی اسلام آباد محمد احسن یونس کا نوٹس، واقعہ میں ملوث ملزمان کو فوری ٹریس کر کے گرفتار کرنیکا حکم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں زمین کے تنازعے پر دو مختلف واقعات میں پانچ افراد قتل اور سات زخمی ہوگئے۔ پولیس ذرائع

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی ترقی سے ملک دشمن قوتیں خائف ہیں صادق سنجرانی

چیئرمین سینٹ کی پنجگور اور نوشکی میں سیکورٹی کیمپس پر دہشتگردی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت

دہشتگرد ملک کی امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنا چاہتے ہیں، ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے پنجگور اور نوشکی میں سیکورٹی کیمپس پر دہشت گردی کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکتے، دہشت گرد ملک کی امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنا چاہتے ہیں جس میں وہ کبھی کامیاب نہیں ہونگے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان کی ترقی سے ملک دشمن قوتیں خائف ہیں۔ دہشت گردی کے واقعات ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ ملک میں امن قائم کرنے کیلئے سیکورٹی فورسز کی لازوال قربانیاں

بقیہ 31 صفحہ نمبر 2 پر ملاحظہ فرمائیں

6 فروری سے ملک بھر میں دھرنے شروع ہونگے سراج الحق

35 سال ہم نے مارشل لاء دیکھا، صدارتی نظام دیکھا لیکن ملک نے ترقی نہیں کی

جب تک اللہ کا دین نافذ نہ ہو ہم ورلڈ بینک آئی ایم ایف کے غلام رہیں گے، امیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس

پشاور (این این آئی) جماعت اسلامی کے مرکزی امیر سراج الحق نے کہا ہے کہ 6 فروری سے ملک بھر میں دھرنے شروع ہونگے۔ 35 سال ہم نے مارشل لاء دیکھا، صدارتی نظام دیکھا لیکن ملک نے ترقی نہیں کی، جب تک اللہ کا دین نافذ نہ ہو ہم ورلڈ بینک آئی ایم ایف کے غلام رہیں گے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا مرکز اسلامی میں تقریب سے خطاب میں کہنا تھا کہ دینی مدارس

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

1

پراسٹیٹ نہیں کریں گے جو بھی آفیسر ڈیوٹی سے غافل پایا گیا تو فوری محکمانہ کارروائی ہوگی ایس ایس پی دو دنوں میں ذاتی طور پر اپنے اپنے علاقوں میں کہا کہ کے کھلے عام شکوک اشیاء مشکوک شخص کی تلاشی کے لیے قریبی پولیس اسٹیشن 15 پر فوری اطلاع دیں اطلاع دینے والے کا نام سیفٹی رازکھا جائے گا شہری شہر کے امن وامان برقرار رکھنے میں پولیس کا ساتھ دیں

7

کی شہادت پر دلی دکھ اور افسوس ہوا عوام کی حفاظت اور امن کے قیام کے لئے جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے تمام کے ہوئے ہیں کیونکہ سیکورٹی فورسز کے اہلکاروں نے جرات اور بہادری سے دہشت گردوں کا مقابلہ کرتے ہوئے اپنے حفاظ کا کام بنایا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کو یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہئی کہ انکا فتنہ دبنا کی صف اول کی فوج ہے جو انہیں ہر جارہ ہتھیار سے دوچار کرتی۔انہوں کے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان سے دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے عوام اپنی فورسز کے شانہ بشانہ ہیں اور انشاء اللہ کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔انہوں نے ہنگلور اور وشخی میں دہشت گردوں کے فورسز پرحملوں کے نتیجے میں شہید ہونے والے اہلکار کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یاب کی دعا کی۔

2

ہنگلور میں ایف سی کیمپ پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید الفاظ میں مزمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ دشمن کی بزدلانہ حملوں سے ہماری بہادر سیکیورٹی فورسز کو مرعوب نہیں کر سکتے۔دہشت گردی کے خلاف ہماری سیکیورٹی فورسز ہمارے دشمن ان کا مقابلہ دنیا کی بہترین فوج کے ساتھ کر رہا دیھیں اس کا مقابلہ دنیا کی بہترین فوج سے ہو جائیں ہر جارہ ہر شکست سے دوچار کرے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان سے دہشت گردوں کے خاتمے کیلئے عوام اپنی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور انشاء اللہ کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔انہوں نے ہنگلور اور وشخی میں دہشت گردوں کے فورسز پرحملوں کے نتیجے میں شہید ہونے والے اہلکار کے اہل خانہ سے تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یاب کی دعا کی۔

3

ڈی سی صورت خیبر نے کہا کہ ہم نے کہا کہ اوپا کی نجکاری کسی صورت قبول نہیں ماضی کی حکومتوں نے بھی نجکاری کی کوشش کی تھی ملازمین کی طاقت سے کام بنا دیا اب بھی اوپا اور ملازمین سے مستقبل کو بچانے کے لیے سب پانی دیوار بن کر آئی اہم کی سازش کا ہم ناکام بنا دیں گے ہمارا مقصد اقتدار میں نہ سے پہلے کہتے تھے کہ قومی اداروں کی نجکاری ملک سے غداری کے مترادف ہے۔ تح اقتدار میں آنے کے بعد نجکاری جاری کیسے ہوگئی ہے جھگیاں ہمارا ملک خاتمہ کرنے جارہا ہے اقتدار میں آنے کے بعد نجکاری جاری کیسے ہوگئی ہے۔ہمارا ملک مدینہ منورہ کی ریاست کے مترادف ہے کہ ریاست ہے جارہے ہیں ملازمین کی تنخواہیں نہیں بڑھائی جارہی ہیں ملازمین کو جائے کی کوشش کی جارہی ہے ملازمین کے حقوق کی پامال کیا جارہا ہے ہم اوپا کو ملازمین کے ساتھ ناانصافی اور زیادتی برداشت نہیں کریں گے انہوں نے کہا کہ ہم اپنے قائدین کے ساتھ ہیں کریں گے کہ کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ہم کسی طبقہ منورہ پالیسوں کو ترک کریں تو اسی اہم ایف کی پالیساں ہرگز قبول نہیں کریں گے انہوں کے کہا کہ تمام مزدوراپنے حقوق کے تحفظ کے لیے متحد اور متظم ہیں۔ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ نجکاری کا فیصلہ واپس کرے ملازمین آپس میں اتحاد واتفاق سے نجکاری سمیت ہر سازش ناکام بنادیں گے

4

کالوں۔ٹیبور کالوں۔ بی بنش کالوں۔ بی قام طاب۔ میں آدارہ گردی کی بہتات سے اسکول کے طلباء وطالبات بڑے افراد خواتین کو اپنا پیچھا چلے میں سخت دشواریاں پیش آرہی ہے۔ٹاون کمیٹی داجدبن اس کا نوٹس لا دعوہ کرتی کوتلف کرے انہوں نے کہا کہ تمام مزدوراپنے حقوق کے تحفظ کے لیے متحد اور متظم ہیں۔ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ نجکاری کا فیصلہ واپس کرے ملازمین آپس میں اتحاد واتفاق سے نجکاری سمیت ہر سازش ناکام بنادیں گے

5

فخر خان بلامنہ فورت آباد اور ضلع سوراب کے علاقے جیوا لاکھویان مولئی گھوڑ دشت گوران گدر ہے تے یوئین کونسلر میں حلقہ سے اسکول کے ہیڈ مسٹرنگی۔ اس موقع پر سے یوآئی کے رہنما مہر ظاہر خان زہری نے ایکشن کمیٹی کو جوتیاں پیش کی کہ عوام کی سہولت کو مدنظر رکھ کر اور عوام کی خواہشات کے مطابق حلقہ بندیاں کی جائے تاکہ عوام کو حق رائے دہی میں آسانی ہو اور حلقہ بندیوں میں عوام کو پیش آنے والی مشکلات کا موقع نہ ملے۔

6

جس ہوئے تبلیغی اجتماع اور بی میلہ موٹیاں واسپاں کے سلیکوٹی تبلیغی بنایا جاگا کسی کو بھی شیر کے حالات خراب کے اور انتشار پھیلانے کے لئے ہوا ہے جو بھی ایسا کرے ایس ایس پی بی کے نگرشہ روز ورنگ جرنسٹ کے سحلیوں سے ملاقات کے دوران کہی انکا کہنا تھا کہ تبلیغی اجتماع اور بی میلہ میں صرف بلوچستان کے پورے ملک کے لوگ شرکت کرتے آتے ہیں تحفظ تبلیغی اور اسکے علاوہ ہمارا ایس ایس پی بی دو تبلیغی دینی اور سیاسی اور تبلیغی اجتماع کے لیے سلیکوٹی پان تبلیغی رہے ہیں جو ہر شہاد ہو اور ہر چک پر ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں جو ہر شہر کے داخلی راستوں کی نگرانی میں انجام کر رہے ہیں داخلی راستوں سے آنے والے شہری کی مکمل تلاشی لی جائے گی روزانہ کسی بھی ہوٹل اور اسپتال کو کارروائی کا موقع دیا گیا کہ ایک ڈیکوئیٹ کا ہوٹل کا کمرہ کو بند کیا گیا ہے ٹریفک پولیس کے جوان اہم شاہراہوں پر معمور تھے انہوں کے کہا کہ ہم نے پہلے شہر کا امن قائم کیا ہے اب ہم چھوٹے چھوٹے گاؤں کا دورہ کر رہے ہیں تاکہ کسی کو شکایت نہ ہو انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی میں غفلت برتنے والے ملازمین کو معطل کیا جائے گا

8

خطاب کرتے ہوئے کہا افتتاحی تقریب میں پروگرام واٹر اینڈ سینٹیشن کمپنی کے ڈائریکٹر فکل پرنس فرحان سلیمان ہاشمی ڈائریکٹر ایکیوشن افسر بلوچ اور جمالی ڈسٹرک ایجوکیشن افسر بلوچ ڈسٹرک اسپورٹس افسر یوسف بلوچ سیت دیگر مہمانوں نے کہا کہ سوسائٹی عمران نے تقریب میں شرکت کی ڈپٹی کمشنر لسبیلہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ وزارت منصوبہ بندی وترقیات کی جانب سے منصوبے پر محکمہ صحت لسبیلہ اور ڈسٹرک ایڈمنسٹریشن کے اشتراک سے عملدرآمد ہوگا ہیک کروڑ ڈالر کی لاگت سے پاکستان میں ڈیورنگ کا قومی پروگرام 45 اضلاع میں شروع کیا گیا لسبیلہ سے دو لاکھ سے زائد کیچوں کو پینے کے پانی کو صاف کیا جائے گا کہ لسبیلہ میں 2 سے 4 مارچ تک سہ روزہ ہم پروگرام کا باقاعدہ آغاز کیا جائیگا پانی کو پینے کے لیے صاف کیا جائے گا کہ کیچوں کی تنظیم اور بقا کے مستقبل میں یہ منصوبہ یکطرفی کردار ادا کریگا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی سیرابی میں بلوچستان میں اسکول جانیوالی عمر کے بچوں کی منظوط اور صحت مند مستقبل کیلئے پینے کے کیڑوں سے تحفظ دینے کی مہم کا پہلا دور 2 مارچ سے 4 مارچ تک جاری رہیگا۔

9

اکخاات جاری کررہے اور بائیکوٹ کو بھی آگاہ کردیا۔دوران ساعت جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ چیف کمشنر کو رپورٹ بنا کر درخواست منتاب ہے، اگر اسلام آباد میں جری مشقت کی شکایت موصول ہوئی تو پلیٹش رہاں ہو جائیگی۔ چیف جسٹس اسلام آباد بائیکوٹ نے کہا کہ ہم نے عدالتی معاونین کے ساتھ مل کر کام کیا ہے اس کیس میں ٹین بلا کدالتی معاون مقرر کیے تھے جن میں عدنان حیدر رندحاوا، عمر اڑگیا گیلانی اور دانیال حسن شامل ہے۔

10

03 سالوں سے 84 ہزارڈالرز اور 14 کلو 65 ہزار پاکستانی روپے برآمد کرلئے۔مسافر عمران کے پاس سے 2 دستی گرنیڈ اور 2 ٹرمیلیٹ دستار سے اور دیگر سامان برآمد کیا گیا ہے، اگر اسلام آباد میں جری مشقت کی شکایت موصول ہوئی تو پلیٹش رہاں ہو جائیگی۔ چیف جسٹس اسلام آباد بائیکوٹ نے کہا کہ ہم نے عدالتی معاونین کے بھرپور کردار پر اس کو سراہا۔عدالت نے اس کیس میں ٹین بلا کدالتی معاون مقرر کیے تھے جن میں عدنان حیدر رندحاوا، عمر اڑگیا گیلانی اور دانیال حسن شامل ہے۔

11

سفارش کرنے کلبوں کی رجسٹریشن اور سکروٹنی کے بعد 163 ڈوں کے اندر صاف وشفاف الیکشن ہوئے۔ فیفا ہاکی بی بی الیس کی ٹرل (ر) آصف رانا کے ساتھ مشترک پریس کانفرنس سے خطاب ڈاکٹر فہمیدہ مرزا کہا کہ خوشی ہے کہ سپورٹس کی ابھی ترین ہیں۔ فٹبال فیور اور کھلاڑیوں کو انتظار تھا ہم نے نارملائزیشن کمیٹی سے میٹنگز میں اپنے مطالبات رکھے تھے جن میں فٹبال کا کھیل کی بحالی کی ضرورت ہے اور پچھلی کمیٹی کے ساتھ ہم نے کام کیا ہے اپنی بات کی ہے کہ ہم نے نارملائزیشن کمیٹی کے ساتھ کام کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام سپورٹس فیڈریشن کو کنٹیشل کیا گیا ہے۔ ہر فیڈریشن اپنے کلب رجسٹرڈ کرے، ہم ان پر نگاہ رکھے گے، ہر کلب کھلاڑیوں کا ڈیٹا فراہم کرے گی۔ کچھ چیزیں فیڈریشن نہیں دیکھے ہیں جو چاہتی، بعض ممبرز کا شکریہ ادا کرتی ہوں، ہم نے انتخابات سے کمیٹی کو آگاہ کردیا تھا، میں نے پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ حکومت نیوٹرل ہے۔ پہلے فٹبال باڈیز نارملائزیشن کمیٹی کے حوالے کیے گئے اور پھر الیکشن ہوئے، دوہتوں کے دوران فٹبال باڈیز نارملائزیشن کمیٹی کے حوالے کردیا ہوگیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام سپورٹس فیڈریشن کو کنٹیشل کردیا ہوگیا ہے، کلاز پر ہوئے ہیں کہ کھیلوں کی کنٹیشل کیے گا ایس، ہر فیڈریشن اپنے کلب رجسٹرڈ کرے، ہم ان پر نگاہ رکھے گے، ہر کلب کھلاڑیوں کا ڈیٹا فراہم کرے گی۔ کچھ چیزیں فیڈریشن نہیں دیکھے ہیں جو چاہتی، بعض ممبرز کا شکریہ ادا کرتی ہوں، ہم نے انتخابات سے کمیٹی کو آگاہ کردیا تھا، میں نے پریس کانفرنس میں کہا تھا کہ حکومت نیوٹرل ہے۔ پہلے فٹبال باڈیز نارملائزیشن کمیٹی کے حوالے کیے گئے اور پھر الیکشن ہوئے، دوہتوں کے دوران فٹبال باڈیز نارملائزیشن کمیٹی کے حوالے کردیا ہوگیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام سپورٹس فیڈریشن کو کنٹیشل کردیا ہوگیا ہے، کلاز پر ہوئے ہیں کہ کھیلوں کی کنٹیشل کیا گیا ہے

روزنامہ امروز کوئٹہ

روزنامہ امروز کوئٹہ بروز جمعہ 04 فروری 2022ء

انسان کو دانستہ طور پر کووڈ سے متاثر کرنے کے ٹرائل کا اولین ڈیٹا سامنے آگیا

ناک سے خارج ایک وائرل ذرہ بھی لوگوں کو کووڈ 19 کا شکار بنا دینے کے لیے کافی ہوتا ہے، وائرس سے متاثر کیے جانے کے بعد کسی بھی فرد کو بیماری کی سنگین علامات کا سامنا نہیں ہوا

مریضوں میں بیماری کی علامات عموماً بہت جلد یعنی وائرس کا سامنا کرنے کے 2 دن کے اندر نمودار ہو جاتی ہیں، مگر کچھ افراد میں یہ وقت 5 دن کا بھی ہو سکتا ہے، برطانوی تحقیق

لندن (این این آئی) ناک سے خارج ہونے والا ایک وائرل ذرہ بھی لوگوں کو کووڈ 19 کا شکار بنا دینے کے لیے کافی ہوتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات برطانیہ میں ہونے والی اپنی نوعت کی پہلی طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ امپریل کالج کی اس تحقیق میں صحت مند افراد کو دانستہ طور پر وائرس کی ایک خوراک دی گئی۔ اس ٹرائل میں بیماری کے دوران سب سے پہلے رضا کاروں کی مانیٹرنگ کی گئی جس سے دریافت ہوا کہ مریضوں میں بیماری کی علامات عموماً بہت جلد یعنی وائرس کا سامنا کرنے کے 2 دن کے اندر نمودار ہو جاتی ہیں، مگر کچھ افراد میں یہ وقت 5 دن کا بھی ہو سکتا ہے۔ اس تحقیق میں وائرس کی ایلفا، ڈیلٹا اور اومیکرون اقسام ابھرنے سے پہلے کی ایک قسم کو دریافت کیا گیا۔ محققین نے بتایا کہ تحقیق سے چند دلچسپ انکشافات ہوئے بالخصوص وائرس کی علامات ظاہر ہونے کے دورانیے ناک سے بہت زیادہ وائرل ذرات کے اخراج اور دیگر۔ تحقیق میں 36 صحت مند جوان افراد کو شامل کیا گیا تھا جن میں اس وائرس کے خلاف کوئی

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارت میں سال 2021 میں 6 صحافیوں کو قتل کیا گیا، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں سال 2021 میں کم از کم 6 صحافیوں کو قتل کیا گیا، 108 صحافیوں پر حملے کیے گئے اور 13 میڈیا ہاؤسز کو نشانہ بنایا گیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اس بات کا انکشاف نئی دہلی میں قائم تھنک ٹینک ''دی رائٹس اینڈ رسکس اینالیسس گروپ'' (آر آر اے جی) نے اپنی پریس فریڈم رپورٹ میں کیا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ جموں و کشمیر میں صحافیوں کو اکثر تھانوں میں طلب کیا جاتا ہے، انہیں تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے، انکے گھروں پر چھاپے مارے جاتے ہیں اور انکے خلاف مقدمات درج کیے جاتے ہیں۔ آر آر

بقیہ 01 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

شام میں امریکی فوج کی کارروائی داعش رہنما ہلاک

ادلب کے علاقے اطمہ میں تازہ کارروائی تقریباً 2 گھنٹوں تک جاری رہی اور فوری طور پر مکمل کی گئی

کارروائی میں 13 افراد بھی جاں بحق، غیر معمولی فضائی کارروائی میں انتہائی مطلوب دہشت گردوں کو نشانہ بنایا، محکمہ خارجہ

ادلب (این این آئی) شام میں امریکی فوج کی کارروائی میں داعش رہنماء ابوابراہیم الہاشمی القرشی ہلاک کر دیا گیا، شام کے شمال مغربی علاقے ادلب میں امریکا کی اسپیشل فورسز کی غیر معمولی فضائی کارروائی میں خواتین اور بچوں سمیت 13 افراد بھی جاں بحق ہو گئے لیکن امریکی فوج کے کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ اس کارروائی کے دوران میں ایک امریکی ہیلی کاپٹر زمین پر گر کر تباہ ہو گیا۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق امریکی اسپیشل فورسز نے شام کے شمال مغربی علاقے میں غیر معمولی فضائی کارروائی میں انتہائی مطلوب

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، خواتین ماہواری حفظان صحت سے متعلق سہروزہ ورکشاپ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

امریکا نے افغانستان کو امدادی رقوم منتقل کرنے کی اجازت دے دی

سرکاری اساتذہ اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کارکنوں کو تنخواہ دینے کی اجازت ہوگی

بینک انسانی بنیادوں پر کام کاج کے لیے لین دین پر عمل درآمد کر سکتے ہیں، امریکی محکمہ خزانہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے عالمی بینکوں کو انسانی مقاصد اور امدادی گروپوں کے لیے افغانستان میں رقم منتقل کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ اس کے تحت سرکاری اساتذہ اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کارکنوں کو تنخواہ دینے کی اجازت ہوگی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا نے کہا کہ بین الاقوامی بینک انسانی مقاصد کے لیے اب افغانستان میں رقوم کی منتقلی کر سکتے ہیں اور امدادی گروپوں کو طالبان سے متعلق پابندیوں کی خلاف ورزی کے خوف کے بغیر سرکاری اداروں کے اساتذہ اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کارکنوں

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور سیکریٹری زراعت امید علی کھوکھر کو پورٹ حکام گوادر فری زون سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

اومیکرون کی تیزی سے پھیلنے والی ذیلی قسم کے بارے میں نیا انکشاف

جب کوئی فرد بی اے 2 سے متاثر ہوتا ہے تو گھر کے دیگر افراد میں کووڈ سے بیمار ہونے کا امکان اومیکرون کے مقابلے میں 2 سے 3 گنا زیادہ ہوتا ہے،

ویکسینیشن مکمل کرانے اور بوسٹر ڈوز استعمال کرنے والے افراد بھی اومیکرون کی دونوں اقسام سے متاثر ہو سکتے ہیں مگر ان سے آگے پھیلنے کا امکان کم ہوا ہے، تحقیق

کوپن ہیگن (این این آئی) اومیکرون کی ذیلی قسم بی اے 2 پھیلاؤ کے معاملے میں اومیکرون بی اے سے بھی زیادہ بہتر ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات ڈنمارک میں ہونے والی ایک نئی طبی تحقیق میں سامنے آئی۔ درحقیقت تحقیق میں بتایا گیا کہ ویکسینیشن نہ کرانے والے افراد میں بی اے 2 سے متاثر ہونے اور آگے پھیلانے کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے مقابلے میں ویکسینیشن مکمل کرانے اور بوسٹر ڈوز استعمال کرنے والے افراد بھی اومیکرون کی دونوں اقسام سے متاثر ہو سکتے ہیں مگر ان سے آگے پھیلنے کا امکان کم ہوا ہے۔ ڈنمارک کے اسٹیٹنز سیرم انسٹیٹیوٹ (ایس ایس آئی) کی تحقیق میں شامل ڈاکٹر کامیلا ہولٹن مولر نے بتایا کہ بی اے 2 زیادہ متعدی قسم ہے۔ تحقیق کے نتائج سے عندیہ ملتا ہے کہ اومیکرون بی اے 2 کورونا کی دیگر اقسام کے مقابلے میں سب سے زیادہ متعدی قسم ہے، اومیکرون بی اے سے بھی زیادہ، جو پہلے ہی ڈیلٹا اور ایلفا جیسی اقسام سے زیادہ متعدی تصور کی جاتی ہے۔ اس تحقیق میں

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

ارجنٹینا میں زہریلی کوکین کے استعمال سے 20 افراد ہلاک

دیگر 74 افراد زیر علاج ہیں، جن میں سے اکثر کی حالت تشویش ناک بتائی جا رہی ہے

بات کا تعین کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ کوکین میں کیا چیز شامل کی گئی تھی اور اس کو مزید فروخت سے روکا جائے گا، حکام

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹینا کے دارالحکومت بیونس آئرس میں زہریلی کوکین کے استعمال سے 20 افراد ہلاک اور دیگر 74 افراد زیر علاج ہیں، جن میں سے اکثر کی حالت تشویش ناک بتائی جا رہی ہے۔ ارجنٹینا کے حکام کا کہنا تھا کہ زہریلی آلے سے کاٹی گئی کوکین استعمال کرنے کے بعد یہ واقعہ پیش آیا۔ حکام کا کہنا تھا کہ وہ اس بات کا تعین کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ کوکین میں کیا چیز شامل کی گئی تھی اور اس کو مزید فروخت سے روکا جائے گا۔ انہوں نے شہریوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جن افراد

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کمشنر نصیر آباد ڈویژن فتح خان مجگ کو چلڈرن وارڈ میں زیر علاج بچوں کے بارے میں آگاہ کیا جا رہا

فیس بک کی کمپنی میٹا کے شیئرز کی قیمت میں 20 فیصد سے زائد کمی

گزشتہ سہ ماہی میں بھی میٹا کمپنی کے منافع میں آٹھ فیصد کی کمی ہوئی تھی

نیویارک (این این آئی) سوشل میڈیا ویب سائٹ فیس بک کی کمپنی میٹا کے شیئرز کی قیمت گزشتہ شام 22 فیصد گر گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ گراوٹ میٹا کی جانب سے موجودہ سہ ماہی کے درمیان متوقع سیلز کے اندازوں میں پہلے کے مقابلے میں کمی کے اعلان کے بعد دیکھی گئی۔ قبل ازیں سیلز کے یہ اندازے 30 بلین امریکی ڈالرز

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جرمن چانسلر جلد ہی ماسکو جائیں گے، پیوٹن کو امریکی صدر سے بھی ملاقات ہوگی

برلن (این این آئی) جرمن چانسلر اولاف شولس جلد ہی ماسکو جا کر روسی صدر ولادیمیر پوٹن سے ملاقات اور یوکرائن کے بحران پر بات چیت کرنا چاہتے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے یہ بات گزشتہ شب جرمن نشریاتی ادارے سے بات چیت

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

حب، قبائلی رہنما میر منظور حسین لانگو عبدالرحمٰن لانگو کی والدہ کے انتقال پر فاتحہ کر رہے ہیں

اومی کرون کی ذیلی قسم 57 ممالک میں پہنچ گئی، عالمی ادارہ صحت

نیویارک (این این آئی) اصل وائرس سے زیادہ تیزی سے پھیلنے والے کورونا کے ویریئنٹ اومی کرون کی ذیلی قسم دنیا کے 57 ممالک میں پہنچ گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس صورتحال کے تناظر میں عالمی ادارہ صحت نے بعض ممالک میں کورونا پابندیاں ختم کرنے پر تشویش کا اظہار کیا۔، اومی کرون کیسز کی تعداد 2020 کے کورونا کے مجموعی کیسز سے بھی زیادہ ہے۔

یورپی یونین کا گیس اور جوہری توانائی کو گرین قرار دینے کے اعلان

یورپی یونین ان ذرائع پر نادرست طور پر سبز رنگ پھینک رہا ہے، ناقدین کی یورپی فیصلے پر تنقید

ویانا (این این آئی) یورپی یونین کی جانب سے گیس اور جوہری توانائی کو گرین قرار دینے کے فیصلہ کیا ہے، جب کہ متعدد حلقے اس پر فیصلے پر تنقید کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آسٹریا نے یورپی کمیشن کے اس فیصلے کو چیلنج کرنے کا اعلان کیا جس کے تحت جوہری توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے سسٹین ایبل فائنانس لیبل دینے کا

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

قومی ترانے کا احترام نہ کرنے پر وزیر اعلیٰ مغربی بنگال کی عدالت طلبی

ممبئی (این این آئی) ممبئی کی عدالت نے بھارت کے ترانے کا احترام نہ کرنے پر مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بینرجی کو طلب کر لیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ممبئی کی ایک عدالت میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے رکن کی جانب سے ایک درخواست

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

بھارتی فضائیہ کی خواتین پائلٹس کو لڑاکا جہاز اڑانے کی مستقل اجازت مل گئی

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی فضائیہ نے اپنی خواتین پائلٹس کو بالآخر لڑاکا جہاز اڑانے کی مستقل اجازت دے دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق چھ برس قبل بھارتی خواتین پائلٹس کو تجرباتی طور پر لڑاکا طیارے اڑانے کی اجازت دی گئی تھی۔ بھارتی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روس نے 30 ہزار کے قریب فوجی اور جدید ہتھیار بیلاروس بھیجے ہیں، نیٹو سیکرٹری جنرل

برسلز (این این آئی) روس نے گزشتہ چند دنوں کے دوران اپنے قریب 30 ہزار لڑاکا فوجی اور اور جدید ہتھیار بیلاروس بھیجے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مغربی دفاعی اتحاد نیٹو کے سیکرٹری جنرل ژینس اسٹولٹن برگ نے بتایا کہ یہ

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکا کی طرف سے فوجی تعیناتی، یورپ میں تناؤ بڑھانے کا سبب بنے گی، روس

ماسکو (این این آئی) روس نے کہا ہے کہ امریکا کی طرف سے مشرقی یورپ میں اضافی فوجی تعیناتی

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

جیف بیزوز کی کشتی کے لیے تاریخی پل کو توڑنے کا فیصلہ

پل کے توڑنے اور دوبارہ جوڑنے کے اخراجات ایمازون کے بانی ادا کریں گے، ڈچ میڈیا

واشنگٹن (این این آئی) ایمازون کے بانی جیف بیزوز امیر ترین افراد کی فہرست میں دوسرے نمبر پر ہیں اور بہت جلد وہ دنیا کی سب سے بڑی کشتی کے مالک بھی بن جائیں گے۔ مگر اس کشتی کو جہاں تیار کیا جا رہا ہے وہاں سے اسے منتقل کرنے میں ایک تاریخی برج رکاوٹ بن رہا ہے اور اس کا حل اسے پل کو توڑ کر نکالا جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

واٹس ایپ میں میسجز ڈیلیٹ کرنے کا فیچر پہلے سے زیادہ بہتر

نئے ورژن کے تحت میسج ڈیلیٹ کرنے کی مہلت 2 دن 12 گھنٹے یا 36 گھنٹے ہو جائے گی، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) واٹس ایپ میں غلطی سے بھیجے جانے والے پیغامات کو دوسروں کی ونڈو سے ڈیلیٹ کرنے کا فیچر کافی عرصے سے دستیاب ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یعنی بھیجنے والے کے پاس اس پیغام کو غائب کرنے کے لیے ایک گھنٹہ آٹھ منٹ اور 16 سیکنڈز ہوتے ہیں، اس کے بعد سب کے لیے میسج ڈیلیٹ نہیں ہوتا۔ مگر کمپنی نے اب

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکی خاتون رپورٹر کو براہ راست نشریات کے دوران گاڑی نے ٹکر ماردی

خاتون رپورٹر نے دوبارہ کیمرے کے سامنے آ کر مسکراتے ہوئے رپورٹنگ شروع کر دی، ویڈیو وائرل

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ٹی وی چینل کی خاتون رپورٹر کو براہ راست نشریات کے دوران ایک گاڑی نے ٹکر ماردی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ امریکی ریاست مغربی ورجینیا کے شہر ہنٹنگٹن میں پیش آیا۔ روڈ سے موسم کی صورت حال براہ راست بتاتے ہوئے خاتون رپورٹر کو ایک گاڑی نے ٹکر ماردی جس سے وہ دور جا گری تاہم خوش قسمتی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

طالبان قبضے کے بعد بند ہونیوالی کچھ جامعات دوبارہ کھول دی گئیں

طالبان نے باضابطہ طور پر لڑکیوں کے یونیورسٹیوں میں واپس لوٹنے سے متعلق کوئی اعلان نہیں کیا، رپورٹ

کابل (این این آئی) افغانستان میں اگست سے بند ہونے والی کچھ جامعات بدھ سے دوبارہ کھول دی گئیں جس کے بعد لغمان یونیورسٹی اور ننگرہار یونیورسٹی میں طالبات کی بھی واپسی ہوگئی۔ جامعات میں کلاسز کا آغاز ہونے پر طالبات نے خوشی کا اظہار کیا ہے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق الگ کلاسز کی شرط پر

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر اسسٹنٹ کمشنر پسنی محمد جان بلوچ پسنی زیرو پوائنٹ میں حق دو تحریک کے سربراہ مولانا ہدایت الرحمٰن سے مذاکرات کر رہے ہیں

فیس بک کی کمپنی میٹا کے شیئرز کی قیمت میں 20 فیصد سے زائد کمی

گزشتہ سہ ماہی میں بھی میٹا کمپنی کے منافع میں آٹھ فیصد کی کمی ہوئی تھی

نیویارک (این این آئی) سوشل میڈیا ویب سائٹ فیس بک کی کمپنی میٹا کے شیئرز کی قیمت گزشتہ شام 22 فیصد گر گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ گراوٹ میٹا کی جانب سے موجودہ سہ ماہی کے درمیان متوقع سیلز کے اندازوں میں پہلے کے مقابلے میں کمی کے اعلان کے بعد دیکھی گئی۔ قبل ازیں سیلز کے یہ اندازے 30 بلین امریکی ڈالرز

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

نیوزی لینڈ جلد ہی کووڈ کے سبب اپنی بند سرحدیں کھول دے گا

پہلے مرحلے میں غیر ممالک میں پھنسے باشندوں کے لیے قرنطینہ پابندی ختم کی جائے گی، کیوی وزیر اعظم

ویلنگٹن (این این آئی) نیوز لینڈ اس مہینے کے دوران اپنی سرحدیں بتدریج کھولنے کا سلسلہ شروع کر دے گا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اس بات کا اعلان نیوزی لینڈ کی وزیر اعظم جیسنڈا آرڈرن نے جمعرات کو کیا۔ تاہم مکمل طور پر سرحدیں کھولنے اور پابندیاں ختم کرنے کا عمل اکتوبر سے پہلے مکمل نہیں ہوگا۔ کورونا کے پھیلاؤ سے

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

برطانوی فضائی حدود میں نامعلوم طیارے گھس آئے، تلاش جاری

لڑاکا طیارے روانہ کر دیئے، آپریشن مکمل ہونے تک کوئی تفصیلات نہیں دیں گے

لندن (این این آئی) برطانیہ کی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ فضائی حدود کے قریب آنے والے نامعلوم طیارے کی موجودگی کی اطلاع ملنے کے بعد انہیں روکنے کے لیے لڑاکا طیارے روانہ کر دیئے گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت دفاع کے ایک ترجمان نے کہا کہ برطانوی مفادات اور فضائی حدود میں داخل ہونے والے نامعلوم طیارے کی

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

تنازعہ کشمیر عالمی سیاسی منظر نامے میں اہمیت اختیار کر گیا ہے، پروفیسر بٹ

کشمیری عوام انتخابات نہیں آزادی کیلئے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے دو ٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ کشمیری عوام بھارتی

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فارماسوٹیکل کمپنیز امریکی قبائل کو 59 کروڑ ڈالر جرمانہ ادا کریں گی

امریکی دواساز کمپنی نے تمام قبائل کو دو سال کے عرصے میں 15 کروڑ ڈالر ادا کرنے پر رضامندی ظاہر کی

معاہدہ امریکی اوپیئڈ بحران کی وجہ سے ہونے والی قانونی چارہ جوئی کے مقدمات میں تازہ پیشرفت ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی قبائلی افراد میں اوپیئڈ کی لت سے متعلق مقدمات طے کرنے کے لیے دواساز کمپنیوں کے ایک گروپ نے 59 کروڑ ڈالر ہرجانہ ادا کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ معاہدہ امریکی اوپیئڈ بحران کی وجہ سے ہونے والی قانونی چارہ جوئی کے مقدمات میں تازہ پیشرفت ہے۔ جان ہاپکنز میڈیسن کی ویب سائٹ کے مطابق اوپیئڈ ڈرگز کی ایک قسم ہے جو افیون کے پودے میں پائی جاتی ہے۔ اوپیئڈ کو طبی نسخوں میں درد دور کرنے کے لیے بھی تجویز کیا جاتا ہے اور یہ ہیروئن کی طرح نشیات

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

فیس بک میسنجر نے اسکرین شاٹ کی اطلاع دینے والا آپشن پیش کر دیا

صارف محفوظ چیٹ سسٹم استعمال کر کے خود کو محفوظ کر سکیں گے، بیان

سان فرانسسکو (این این آئی) سوشل میڈیا کی سب سے بڑے پلیٹ فارم فیس بک (میٹا) نے میسنجر صارفین کی حفاظت کے لیے اسنیپ چیٹ کی طرز پر ایک نیا فیچر متعارف کرانے پر شروع کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میٹا کی جانب سے جاری بلاگ میں بتایا گیا کہ کمپنی نے میسنجر استعمال کرنے والے صارفین کی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے اسکرین شاٹ ڈیٹکشن فیچر پر کام شروع کر دیا ہے۔ اس فیچر کے تحت کسی بھی صارف کی چیٹ کا جب اسکرین شاٹ لیا جائے گا تو اس کے پاس پیغام نوٹی فکیشن کی صورت میں موصول ہوگا۔ یہ فیچر

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی کو سیکرٹری ایاز مندوخیل محکمہ خوراک کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

فضائی حدود کی خلاف ورزی پر تین ڈرونز مار گرائے، عرب امارات

آبادی والے علاقوں سے دور فضائی حدود میں داخل تین دشمن ڈرونز کو راستے میں روک کر تباہ کر دیا، بیان

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے اپنی فضائی حدود میں ڈرون حملوں کی نئی کوشش ناکام بنا دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزارت دفاع نے ایک بیان میں کہا کہ آبادی والے علاقوں سے دور فضائی حدود میں داخل ہونے والے تین دشمن ڈرونز کو راستے میں روک کر تباہ کر دیا۔ امارات کی وزارت دفاع نے ایک بیان میں

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

طوفانی ہواؤں کے باعث برٹش ایئرویز کی پرواز حادثے سے بچ گئی

پائلٹ نے مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے جہاز کو دوبارہ اوپر اٹھا لیا، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی

لندن (این این آئی) برطانیہ میں تیز ہواؤں کے باعث ہیتھرو ائیر پورٹ پر برٹش ائیر ویز کی پرواز حادثے سے بال بال بچ گئی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ہیتھرو ائیر پورٹ پر برٹش ائیر ویز کی پرواز نے لینڈ کرنا تھا تاہم تیز ہواؤں کے باعث یہ پرواز پہلی کوشش میں لینڈ نہ کر سکی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ لینڈنگ کے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

چہلہ بانڈی، شارٹ سرکٹ سے تین دکانیں جل کر خاکستر

مظفر آباد (این این آئی) چہلہ بانڈی کے مقام پر شارٹ سرکٹ کے باعث تین دکانیں جل کر خاکستر، تین فریج سمیت کریانہ اور بیکری کا لاکھوں کا سامان جل گیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات چہلہ بانڈی کے مقام پر شارٹ سرکٹ کے باعث دکان میں آگ بھڑک اٹھی، آگ نے تین دکانوں کو

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکہ، سات کروڑ افراد کے ملازمت چھوڑنے کا انکشاف

ریکارڈ تعداد میں لوگوں کے نوکریاں چھوڑنے سے بڑی تعداد میں نئے لوگوں کو روزگار ملا

واشنگٹن (این این آئی) گزشتہ سال امریکا میں تقریباً 7 کروڑ لوگوں نے نوکریاں چھوڑیں جس کے باعث بڑی تعداد میں نئے لوگوں کو روزگار کے مواقع ملے۔ غیر ملکی خبر رساں کے مطابق امریکا کے ادارہ شماریات کی جانب سے وفاقی ملازمین سے متعلق ایک فہرست جاری کی گئی جس میں بتایا گیا کہ 2021 میں ریکارڈ تعداد میں لوگوں نے اپنی نوکریوں کو خیر باد کہا جس کے باعث بڑی تعداد میں نئے لوگوں کو روزگار کے مواقع ملے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ سال صرف دسمبر کے مہینے میں 43 لاکھ لوگوں نے نوکریوں کو خیر باد کہا اور یہ تعداد نومبر سے کم ہے، جس میں 45 لاکھ لوگوں نے اپنی نوکریوں کو چھوڑنے کا فیصلہ کیا تھا۔ رپورٹ میں امریکی شہریوں کی جانب سے نوکری چھوڑنے کی وجوہات بتاتے ہوئے لکھا کہ کچھ لوگوں نے پیسوں کے لیے تو کچھ نے بہتر سہولیات کی خاطر اپنی نوکریوں کو خیر باد کہا جب کہ زیادہ تر لوگوں نے کورونا کی عالمی وبا کے دوران اپنے بچوں کو فیملی کی دیکھ بھال کی خاطر گھر بیٹھنے کا فیصلہ کیا۔ دوسری جانب نوکریوں کو خدا حافظ کرنے والوں میں ایک بڑی تعداد ایسے لوگوں کی بھی ہے جو اپنی ریٹائرمنٹ کے قریب پہنچ چکے تھے تاہم انہوں نے وقت سے پہلے ریٹائرمنٹ لینے کا فیصلہ کرتے ہوئے نوکریاں چھوڑیں کیوں کہ انہیں خدشہ تھا کہ کورونا کے باعث انہیں نوکریوں سے نکالا جا سکتا ہے۔ رپورٹ میں

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

امریکی فوج یوکرین میں جنگ نہیں کرے گی، پینٹاگون

یہ اقدام اتحاد کے خلاف خطرے کو روکنے اور سدِ جارحیت کے لیے ہے

بائیڈن کا روس کی دھمکیوں کے بعد ہزاروں امریکی فوجی مشرقی یورپ بھیجنے کا حکم

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر جو بائیڈن نے یوکرین پر روس کی ممکنہ چڑھائی کے معاملے پر کشیدگی بڑھنے پر مشرقی یورپ میں ہزاروں فوجیوں کو تعینات کرنے کا حکم دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی محکمہ دفاع (پینٹاگون) کے پریس سیکرٹری جان کربی نے ایک نیوز کانفرنس میں بتایا کہ مشرقی یورپ میں بھیجے جانے والے فوجیوں کی تعداد تین ہزار کے لگ بھگ ہے۔ انھوں نے کہا کہ فوج کی مزید تعیناتی سے متعلق فیصلہ کا بہت جلد اعلان کیا جائے گا۔ پینٹاگون کے ایک سینئر عہدہ دار نے بتایا کہ یہ اقدام اتحاد کے خلاف خطرے

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر ڈپٹی کمشنر گوادر کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد زیر تعمیر سنگھاہاؤسنگ اسکیم پارک کے مختلف حصوں کا معائنہ کر رہے ہیں

بھارتی تحقیقاتی ادارے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے مسلم تاجر کو گرفتار کر لیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے بدنام زمانہ تحقیقاتی ادارے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے منی لانڈرنگ کے ایک جھوٹے مقدمے میں مسلم تاجر انس احمد کو گرفتار کر لیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق انس احمد کو دو کمپنیوں ایچ اینڈ ایس وینچرز انکار پوریشن اور کلیفورڈ وینچرز میں شراکت داری ہیں اور ان کے چینی تاجروں سے بھی رابطے ہیں۔ ای ڈی کے مطابق دونوں کمپنیاں موبائل فون ایپلی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

سینے کی آوازوں سے بچوں میں مرض شناخت کرنیوالا اسٹیتھو اسکوپ متعارف

غریب اور دور دراز علاقوں میں اس ایجاد سے کئی بچوں کی جان بچائی جا سکتی ہے، موجد ایرانی ڈاکٹر فائزہ

پرتھ (این این آئی) آسٹریلیا کے سائنسدانوں نے ایک ڈجیٹل اسٹیتھو اسکوپ اور سافٹ ویئر بنایا ہے جو نومولود بچے کے سینے کی آوازیں سن کر ان میں ممکنہ امراض کی پیشگوئی کر سکتا ہے۔ غریب اور دور دراز علاقوں میں اس ایجاد سے کئی بچوں کی جان بچائی جا سکتی ہے کیونکہ مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ سے چھوٹے بچوں اور نومولود اطفال میں بیماری کا بڑی حد تک درست اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ ایک بہت حساس ڈجیٹل اسٹیتھو اسکوپ تیار کی ہے جو پھیپھڑوں، سانس اور دل کی آواز کو بہت گہرائی میں ریکارڈ کرتی ہے۔ اس طرح بچوں میں سانس، پھیپھڑوں اور دل کے وابستہ ان گنت امراض کی شناخت ممکن ہو سکتی ہے۔ موناش یونیورسٹی سے وابستہ ڈاکٹر فائزہ مرزبن رعد اور ان کے ساتھیوں نے یہ کارنامہ انجام

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ امروز کوئٹہ

ایڈیٹر پبلشر عبدالحکیم نے قلات پرنٹنگ پریس پنیل روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ امروز آفس نمبر TF-02 تیسری منزل ایگل پلازہ، ایگل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون: 2835212 فیکس: 2835212
ای میل imroz.ad@gmail.com

کھاد کی قلت، نیا بحران

تحریک انصاف کی موجودہ حکومت کو بار بار بحرانوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ کبھی آٹا اور چینی کی قلت و قیمتیں دوگنا سے بڑھ جاتی ہیں اور اب کھاد کا بحران پیدا ہو گیا ہے۔ بلیک میں کھاد پچاس سے ستر فیصد زیادہ قیمتوں پر بیچی جا رہی ہے۔ مختلف اضلاع کی انتظامیہ کی جانب سے ذخیرہ اندوزوں کو انتباہ کیا جا رہا ہے کہ وہ کھاد کا سٹاک نہ کریں، اور کسانوں کو مقررہ قیمتوں پر کھاد فروخت کریں۔ سیاسی جماعتوں کی جانب سے صوبائی حکومت کو کھاد کا معاملہ وفاق کے سامنے اٹھائے پر زور دیا جا رہا ہے۔ صوبے کے لئے کھاد کا مقررہ کوٹہ حاصل کرنے اور اسے سمگل ہونے سے بچانے کا مطالبہ سامنے آ رہا ہے۔

موجودہ مہنگائی نے کسانوں کو پہلے ہی سخت مشکلات سے دوچار کر چکا ہے۔ ایران سے سیب ٹماٹر اور دیگر اشیاء کے آنے کی وجہ سے بلوچستان کے زمیندار معاشی دباؤ کا شکار ہیں۔ پانی کی قلت نے زراعت اور مالداری کے شعبوں کو متاثر کیا ہے۔ حالیہ طوفانی بارشوں سے بھی چند اضلاع میں کسانوں کو نقصانات ہوئے ہیں۔ مال مویشی سیلابی نالیوں میں بہہ گئے۔ نصیر آباد، گرین بیلٹ کے علاوہ پورے صوبہ میں آبپاشی کے لئے ٹیوب ویلز پر انحصار ہے۔ زیر زمین پانی کی سطح خطرناک حد تک گر چکی ہے۔ کئی کئی گھنٹے ٹیوب ویلوں کو چلانے کے بعد مختصر رقبہ کو سیراب کیا جا سکتا ہے۔ بجلی کی لوڈ شیڈنگ نے رہی سہی کسر بھی پوری کر دی ہے۔ ابھی تک یہ مسائل باقی تھے کہ کھاد کے مسئلہ نے زمینداروں کی کمر توڑ دی ہے۔ کسان یوریا کھاد ڈیڑھ دوگنا قیمتوں پر خریدنے کی سکت نہیں رکھے۔ حکومت زرعی اجناس جب بیرون ملک سے خریدتی ہے تو ملکی نرخوں سے پچاس ساٹھ فیصد زیادہ قیمتیں ادا کرتی ہے۔ یوکرائن سے ناقص گندم مہنگے داموں خریدنے کا سکینڈل سامنے آ چکا ہے۔ حکومت اپنے ملک کے زمینداروں کو گندم کے مناسب نرخ دے تو وہ زیادہ سے زیادہ رقبہ کو زیر کاشت لا کر ملک کو گندم میں خود کفیل بنا سکتے ہیں۔ بلوچستان میں وسیع رقبہ بنجر پڑا ہے۔ اگر پانی کے وسائل کو ترقی دی جائے۔ ڈیمز بنانے کے منصوبوں پر کام تیز کیا جائے تو نہ صرف صوبے بلکہ ملک میں زرعی اجناس کی قلت پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں باقاعدہ پلاننگ کی ضرورت ہے۔ بلوچستان کے کاشتکاروں کو آسان اقساط پر قرضے دیئے جائیں، تاکہ وہ سولر انرجی پر اپنے ٹیوب ویلز کو منتقل کر سکیں۔ مزید بورنگ کروائیں، ٹریکٹر سمیت دیگر آلات خرید سکیں۔ بلوچستان میں زراعت کی ترقی کا مطلب پورے ملک کے مستقبل کو محفوظ بنانا ہے۔ صوبہ میں زیتون کی کاشت کا تجربہ انتہائی کامیاب رہا ہے۔ اس منافع بخش فعل کا رقبہ مزید بڑھانے کے لئے زمینداروں کو آگاہی فراہم کرنا ہوگی۔

بلوچستان میں کھاد کی قلت کے مسئلہ کو نظر انداز کرنے سے بہت زیادہ نقصانات ہوں گے۔ جو صرف کسان کا نقصان نہیں، بلکہ پاکستان کے لئے مضر اثرات کا حامل ہوگا۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ موجودہ حکومت میں ایسے عناصر شامل ہیں۔ جو بحرانوں کو پیدا ہونے سے روکنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ کسی بھی بحران سے نمٹنے کے لئے فوری اقدامات ناگزیر ہوتے ہیں۔ کھاد کی قلت کے مسئلہ سے مزید چشم پوشی نہیں کی جا سکتی۔ صوبائی حکومت یہ مسئلہ وفاقی حکومت کے سامنے اٹھانا چاہیے۔

نواز شریف کی جمہوریت کب آئے گی؟

عمار مسعود

اس سماج میں ہر چیز الٹ ہو گئی ہے۔ جو ڈاکو ہیں وہ چور چور کا نعرہ لگا رہے ہیں۔ جن کا کام انصاف دینا ہے وہ طاقتوروں کے جرم چھپا رہے ہیں۔ جن کو پڑھنے کی ضرورت ہے وہ بول رہے ہیں۔ جن کا شمار سیاست میں مداخلت ہے وہ مسلسل بیان دے رہے ہیں کہ ہمارا سیاست سے کوئی تعلق نہیں۔ جن کا ذہب امن کا پیامبر ہے وہ لوگوں کو تشدد پر آمادہ کر رہے ہیں۔ جن کو عوام ووٹ سے منتخب کرتے ہیں وہ معتوب ٹھہرا دیئے گئے ہیں۔ جو مجرم ہے وہ جرم کے خلاف تقریریں کر رہے ہیں۔ سیاستدان گیٹ نمبر چار کے بھکاری ہونے پر فخر کر رہے ہیں۔ غریب افلاس سے مر رہے ہیں اور حکومت ترقی کے نعرے لگا رہی ہے۔ قیمتیں اس سرزمین پر آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور حکمران دسادر کی مثالیں دے رہے ہیں۔ یوٹرن کو سعادت بتایا جا رہا ہے۔ جھوٹ کو سیاسی سچ کا نام دیا جا رہا ہے۔ بولنے والوں کے منہ بند کر دیئے گئے ہیں اور چیخنے چلانے والوں کو کھلا چھوڑ دیا گیا ہے۔ جمہوری ایوانوں میں اٹکلشن جیسی قابل نفرت چیز کے ثمرات بیان کیے جا رہے ہیں۔

نہ یہ ملک ایسا تھا نہ اس کے لوگ ایسے تھے۔ جس اور جبر کے ماحول میں سب کچھ بدل گیا ہے۔ جمہوریت بھی سیاست بھی اور انسانیت بھی۔ اب فاتح وہ ہے جس کے ہاتھ زیادہ پلاٹ لگے۔ اب سیاست اذن وہی ہے جو اسٹیبلشمنٹ کا منظور نظر ہو۔ اب صحافی وہی ہے جو گالی گلوچ میں مہارت رکھتا ہو۔ حق گوئی اور بے باکی کا کوئی خریدار نہیں۔ سچ کا ماننے والا کوئی نہیں۔ عجیب حبس کا عالم ہے۔ عجب جبر کی کیفیت ہے۔ سچ اور جھوٹ میں تفریق ختم ہو گئی ہے۔ حق اور شر میں حد فاصل مٹ چکی ہے۔

تاریخ میں ہم پہلی قوم نہیں ہیں جو اس قہر کا شکار ہوئی ہو۔ ظلم کی اس روایات سے تاریخ کے اوراق بھرے پڑے ہیں۔ بہت سی قومیں ذہنی اور جسمانی تلخی میں اپنی نسلیں گنوا چکی ہیں۔ یہ وہ اقوام تھیں جنہیں اس طرح کے سماج سے رہائی کا رستہ نظر نہیں آتا تھا۔ لیکن انسان کی سرشت میں تنوع ہے۔ وہ کوئیں کا مینڈک ساری عمر نہیں رہ سکتا۔ اس کے سر پر آہنی خود ہمیشہ دھرا نہیں رہ سکتا۔ ایک وقت ایسا آتا ہے جب لوگ جبر کی قوتوں کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں۔ ظلم کی دیواریں گرانا چاہتے ہیں۔ سوچ پر پڑی زنجیروں کو توڑنا چاہتے ہیں۔ گہرے سناٹے میں آواز بلند کرنا چاہتا ہے۔

ایسے ماحول میں جہاں مدتوں سے اندھیرا ہو وہاں روشنی دکھانے والے کو سودائی کہا جاتا ہے۔ جہاں حق بات کہنے والے کو مجذوب سمجھا جاتا ہے۔ لوگ قفس میں رہنے کے اتنے عادی ہو جاتے ہیں کہ وہ قید خانہ انہیں اپنے گھر سا معلوم ہوتا ہے۔ وہ اس قید خانے سے رہائی نہیں چاہتے۔ وہ اسی کے عادی ہو چکے ہوتے ہیں۔ انہیں رہائی کا شوق ہی نہیں رہتا۔

تاریخ یہی بتاتی ہے کہ جب ظلم بڑھ جاتا ہے تو کوئی آواز بلند ہوتی ہے۔ کوئی قہرہ مستانہ لگاتا ہے۔ ابتدا میں لوگ ایسی بات پر تھپڑ نہیں دیتے۔ لیکن ہر سماج میں ایسے لوگ موجود ہوتے ہیں جو اس آواز پر لبیک کہتے ہیں۔ پھر بات لوگوں کو سمجھ آنا شروع ہو جاتی ہے۔ پھر لوگ اس آواز کے گرد جمع ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب لوگوں کو ادراک ہوتا ہے کہ ان کی زندگیاں اندھیرے میں گزر گئی ہیں۔ ان کی سانسیں قید میں بسر ہو گئی ہیں۔ ایسے میں لوگ رہائی کا نعرہ لگاتے ہیں۔

یہی کیفیت پاکستان کی اس وقت ہے۔ کتنی دہائیاں گزر گئیں جب یہاں پر نفرت کا راج رہا۔ ہمیں ہمارے لوگوں نے تقسیم کیا۔ اپنے ہی آشیانے کو آگ لگا دی۔ ہماری آنکھوں پر پٹی باندھی، زبانوں کو تالے لگائے اور دماغوں کو مقفل کر دیا۔ لوگ روشنی کی طرف ابھی بھاگ نہیں رہے درست کہنا تو یہ ہوگا کہ ابھی تک ان کی آنکھوں کو روشنی دیکھنے کی استطاعت میسر ہوئی ہے۔ اس سے آگے منظر اور خوش کن ہو سکتے ہیں۔ یہ احساس ان میں پایا جا رہا ہے۔

معاشروں میں انصاف کی بنیاد جمہوریت ہوتی ہے۔ ہمارے ہاں اس کو بے انصافی بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ ہم اس سماج میں جمہوریت کے حق میں دلیل دیتے ہوئے بھی اجہانے میں آ مریت کو فروغ دیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں اس مضمون کے ثمرات کا ادراک ہی نہیں ہے۔ نہ ہمیں جمہوری حقوق کا پتہ ہے نہ جمہوری فرائض کی کوئی خبر ہے۔ نہ رات کے اندھیرے کا احساس ہے نہ دن کا اجالے ہمارے لئے کوئی معنی رکھتا ہے۔ ہمیں چوتھر سال میں پہلی دفعہ اس کا سپوٹ سے آگاہی ہوئی ہے۔ یہی اس وقت ہماری معراج ہے۔

